# پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی، حیات آباد، پشاور

## (نوٹس نیلام عام برائے شاپ سائن ایڈورٹائزمنٹ چارجز)

پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی اپنے دائرہ اختیار میں موجود شاپ سائنز کی اشتہاراتی فیس وصولی کا ٹھیکہ، پی ڈی اے آؤٹ ڈور ایڈورٹائزمنٹ ریگولیشن 2021 کے تحت عرصہ ایک (01) سال یعنی 01 جنوری 2026 سے 31 دسمبر 2026 تک کی مدت کے لیے بذریعہ کھلی بولی (Open Auction) الاٹ کرنا چاہتی ہے، جس میں بولی کا آغاز مقررہ Reserve (Base) Price سے کیا جائے گا اور شرکاء باری باری اپنی بولیاں دیں گے۔ یہ عمل KPPRA Rules کے اصولوں کے مطابق انجام دیا جائے گا۔ مزید برآں، مذکورہ معاہدہ ایک (01) سال کے لیے مؤثر العمل ہوگا، تاہم ایڈورٹائزر / فرم کی کارکردگی تسلی بخش ہونے، تمام واجبات، اقساط اور مالی ذمہ داریوں کی مکمل ادائیگی، کسی بھی نوعیت کے مقدمہ، تنازعہ یا قانونی چارہ جوئی کے زیر التواء نہ ہونے، معاہدے کی تمام شرائط وضوابط کی مکمل پاسداری اور ڈائریکٹر جنرل پی ڈی اے کی صوابدید پر پیشگی و لازمی منظوری کے ساتھ ہی مزید ایک (01) سال کے لیے توسیع دی جا سکے گی۔ بصورت دیگر توسیع کا کوئی دعویٰ قابل قبول نہ ہوگا۔ بولی کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| نیلامی کے تحت شامل علاقے | زربیعانہ / کال ڈیپازٹ | سرکاری بولی کی تفصیل Reserve Base Price | تاریخ نیلام اور وقت |
|---|---|---|---|
| 1. کارخانو مارکیٹ (پھاٹک) سے شیل پمپ گورا قبرستان (کنٹونمنٹ کی حدود کے علاوہ)۔<br>2. ملک سعد فلائی اوور سے ترناب NIFA دفتر تک۔<br>3. رنگ روڈ، حیات آباد فیز 2 پل ٹول پلازہ سے ورسک روڈ جنکشن تک۔<br>4. حیات آباد ٹاؤن۔<br>5. ریگی ماڈل ٹاؤن۔ | Rs. 6,000,000/- (60 لاکھ روپے)۔ | Rs. 55,000,000/- (پانچ کروڑ پچاس لاکھ روپے)۔ | پہلی نیلامی مورخہ 18 جون 2026 کو اور ناکامی کی صورت میں دوسری نیلام 23 جون 2026 اور ناکامی کی صورت میں تیسری نیلامی 29 جون 2026 کو بوقت: صبح 11 بجے منعقد ہوگی۔ |

**چیدہ چیدہ شرائط نیلامی درج ذیل ہیں:۔**

1) ہر اس شخص / کمپنی / فرم کو نیلامی میں حصہ لینے کا حق ہوگا جو پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی یا کسی اور ادارے سے بلیک لسٹ یا بقایادار نہ ہو اور نہ ہی دفتر ہذا کے ساتھ کسی عدالتی مقدمہ میں ملوث رہا ہو، بصورت دیگر نیلام میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔ ہر بولی دہندہ کی اگلی بولی کم از کم دو لاکھ سے زیادہ ہونی چاہیے۔

2) بولی میں حصہ لینے والے فرمز کو بولی سے قبل پی ڈی اے کے ساتھ انلسٹمنٹ کرنا ہوگی انلسٹمنٹ کی فیس نا قابل واپسی ایک لاکھ روپے ہوگی اور FBR & KPPRA کے ساتھ رجسٹریشن کی تصدیق شدہ کاپی مہیا کرنا لازمی ہوگی۔

3) بولی میں حصہ لینے والے کمپنی / فرمز کو (Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP کے ساتھ رجسٹریشن لازمی ہے جس کی کاپی بولی سے ایک دن قبل ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈورٹائزمنٹ کے پاس جمع کرانا ہوگی۔

4) بولی میں حصہ لینے والے متعلقہ کمپنی / فرمز / شخص کے نام پر بینک اکاونٹس ہوں گے اور ان فرمز کو بولی سے قبل پچھلے 03 سال کے FBR ٹیکس ادائیگی کی تصدیق شدہ کاپیاں مہیا کرنا لازمی ہوں گی۔

5) بولی میں حصہ لینے والی فرمز کے پاس کم از کم دو سال کا ایڈورٹائزمنٹ میں تجربہ ہونا لازمی ہے اور بولی میں شرکت سے قبل بولی دہندہ کو مختلف محکموں میں سرانجام دیے گئے ایڈورٹائزمنٹ پراجیکٹس کے متعلقہ اداروں سے جاری کردہ تصدیق شدہ Completion Certificates جمع کروانا ہوں گے۔

6) بولی دہندہ کو بولی میں شرکت سے ایک دن قبل ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈورٹائزمنٹ کو FBR سے Active Tax Payer List (ATL) فراہم کرنا ہوگا۔

7) نیلامی میں شرکت کے خواہشمند افراد / فرمز کو مختص شدہ زر ضمانت کی رقم بطور کال ڈیپازٹ / بینک ڈرافٹ ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی اے کے نام پر، بمعہ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی، رابطہ نمبر اور پتہ کی تفصیل کے ساتھ نیلامی سے دو (02) دن قبل دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوں گے۔ ناکام بولی دہندگان کو ان کی کال ڈیپازٹ نیلامی کے بعد واپس کر دی جائے گی۔

8) کسی بھی جعلی، غلط معلومات، یا نا قابل تصدیق دستاویز جمع کروانے کی صورت میں فوری نا اہلی، بیعانہ ضبطی اور دیگر قابل اطلاق قوانین کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

9) کامیاب بولی دہندہ کا زر بیعانہ (CDR) بطور Bid Security پی ڈی اے کے ساتھ محفوظ رہے گی جو کہ ٹھیکے کی معیاد ختم ہونے پر واپس کر دی جائے گی۔

10) کامیاب بولی دہندہ، بولی کی منظوری کے بعد، معاہدہ پر دستخط اور ورک آرڈر کے اجراء سے قبل تین (03) دن کے اندر بولی کی کل رقم کا پچیس فیصد (25%) بطور پیشگی (In advance) جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ نیز کامیاب بولی دہندہ کو نیلامی کی منظوری کے دس (10) دن کے اندر اسٹامپ پیپر پر پی ڈی اے کے ساتھ معاہدہ کرنا ہوگا۔ مذکورہ شرائط پوری نہ کرنے کی صورت میں بولی خود بخود منسوخ تصور ہوگی اور بیعانہ بحق سرکار ضبط کر لیا جائے گا۔

11) کامیاب بولی دہندہ، 25 فیصد پیشگی ادائیگی اور کال ڈیپازٹ رسید جمع کروانے کے علاوہ، -/35,250,000 روپے (تین کروڑ باون لاکھ پچاس ہزار روپے فقط) بطور بینک گارنٹی (Bank Guarantee) قبل از معاہدہ کسی بھی شیڈولڈ بینک سے جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

12) جب تک مذکورہ واجب الادا رقم جمع نہیں کروائی جاتی، کوئی معاہدہ نافذ العمل نہیں ہوگا، اور اس کے برعکس کیا گیا کوئی بھی معاہدہ کالعدم اور غیر قانونی تصور ہوگا۔

13) بولی کی باقی ماندہ رقم آئندہ چار ماہ میں مساوی اقساط میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ شاپ سائن سے متعلق واجب الادا رقم یا اقساط کی ادائیگی میں تاخیر کی صورت میں مرحلہ وار سرچارج عائد ہوگا، جس کے تحت پہلے 15 دنوں کی تاخیر پر 5 فیصد، 16 سے 30 دن تک 10 فیصد اور 31 سے 45 دن تک 15 فیصد سرچارج وصول کیا جائے گا۔ اگر رقم ادائیگی میں تاخیر 45 دن سے تجاوز کر جائے تو مجاز اتھارٹی معاہدہ منسوخی کی کارروائی شروع کر سکتی ہے اور تمام جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط ہو جائے گی۔

14) کامیاب بولی دہندہ اپنا مخصوص بینک اکاؤنٹ نمبر پی ڈی اے کو فراہم کرنے کا پابند ہوگا اور 25 فیصد ابتدائی رقم کے علاوہ باقی ماندہ رقم کے تمام اقساط کے ایڈوانس چیکس اسی بینک اکاؤنٹ نمبر کے مطابق ایڈوانس میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ ایڈوانس چیکس جمع نہ کرانے کے صورت میں مروجہ قوانین کے مطابق سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

15) کنٹریکٹر / فرم / کمپنی کا چیف ایگزیکٹو آفیسر عدالتی اسٹامپ پیپر پر ذاتی ضمانتی حلف نامہ جمع کرائے گا جس کے تحت وہ معاہدہ کی مکمل تعمیل کا پابند ہوگا اور عدم ادائیگی کی صورت میں PDA کو واجبات کی وصولی کا اختیار حاصل ہوگا۔

16) دوران معاہدہ انسانی ضیاع اور پراپرٹی کے کسی نقصان کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر عائد ہوگی اور قدرتی آفات یا ہنگامی حالات میں کوئی رعایت نہیں دی جائے گی۔

17) کامیاب بولی دہندہ اپنی منظور شدہ بولی کسی اور کو منتقل کرنے یا شراکت داری کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔

18) محکمہ پی ڈی اے کے نادہندگان (Defaulters) اور کسی بھی سرکاری ادارے کی جانب سے بلیک لسٹ شدہ فرم / کمپنی / فرد (Blacklisted) براہ راست یا بالواسطہ طور پر بولی میں حصہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔ کامیاب بولی دہندہ اس امر کا حلف نامہ جمع کروانے کا پابند ہوگا کہ وہ کسی بھی سرکاری ادارے کا نادہندہ یا بلیک لسٹ شدہ نہیں ہے۔ اگر ٹھیکہ کی منظوری کے بعد یہ ثابت ہو جائے کہ کامیاب بولی دہندہ نادہندہ یا بلیک لسٹ شدہ ہے تو اس کے خلاف ٹھیکہ منسوخ اور مروجہ قوانین کے تحت سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

19) کامیاب بولی دہندہ وفاقی وصوبائی حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً عائد کردہ تمام ٹیکسز کی من وعن ادائیگی کا پابند ہوگا اور تمام گورنمنٹ واجبات اور لاگو ہونے والے ٹیکسز ادا کرے گا۔

20) کامیاب بولی دہندہ بولی کی کل رقم پر لاگو ہونے والے تمام صوبائی و وفاقی ٹیکسز ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

21) نیلامی کے عمل یا معاہدہ سے متعلق کسی بھی تنازع کو KPPRA رول 35(1)(A) 2014 اور خیبر پختونخوا پبلک پروکیورمنٹ گریوینس ریڈریسل رول 2017 کے تحت گریوینس ریڈریسل میکنزم (Grievance Redressal Mechanism) کے ذریعے حل کیا جائے گا۔

22) نیلامی بمقام: واقع پہلی منزل، ڈائریکٹوریٹ آف بی سی اے، پی ڈی اے کمرشل کمپلیکس، حیات آباد، پشاور میں مندرجہ بالا شیڈول کے مطابق منعقد ہو گی۔

23) شرائط کی خلاف ورزی کی صورت میں معاہدہ منسوخ کیا جائے گا اور CDR ضبط کرلیا جائے گا۔

24) تمام بولیاں مجاز اتھارٹی کی منظوری سے مشروط ہوں گی۔ مجاز اتھارٹی معقول وجہ بتا کر کسی بھی وقت بولی کو منسوخ کرنے کا حق رکھتی ہے۔

رابطہ:
ڈپٹی ڈائریکٹر، آؤٹ ڈور ایڈورٹائزمنٹ / میڈیا
پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی، حیات آباد، پشاور